فوری ریلیز کے لیے: 11/11/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے نئے تخلیق شدہ ویٹرنز نان پرافٹ کیپیٹل پروگرام کے ذریعے 5$ ملین کی دستیابی کا اعلان کیا

ریاست نیو یارک کا ویٹرنز سروسز ڈویژن اب سابق فوجیوں کی اہل غیر منافع بخش تنظیموں سے کیپیٹل بڑھوتری اخراجات کی واپسی کی مد میں درخواستیں وصول کر رہا ہے

یہ گرانٹس سابق فوجیوں، سروس ممبران اور ان کے خاندانوں کے لئے معیاری خدمات کی بڑھوتری اور ترقی میں تنظیموں کی مدد کرنے کے لئے ڈیزائن کی گئی ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست کے نئے تخلیق شدہ ویٹرنز نان پرافٹ کیپیٹل پروگرام کے ذریعے 5$ ملین کی دستیابی کا اعلان کیا۔ آج سے سابق فوجیوں کی اہل غیر منافع بخش تنظیموں سے کیپیٹل بڑھوتری اخراجات کی واپسی کے لئے درخواستیں دائر کر سکتی ہیں جو ریاست کے سابق فوجیوں، سروس ممبران اور انکے خاندانوں کے لئے دستیاب معیاری خدمات کی بڑھوتری اور ترقی میں تنظیموں کی مدد کرنے کے لئے ڈیزائن کی گئی ہیں۔ اس پراجیکٹ کے لئے فنڈنگ کی حد 25,000$ سے 75,000$ تک ہوگی اور یہ ریاست نیو یارک کے ویٹرنز سروسز ڈویژن کے زیر انتظام ہوں گی۔

"سابق فوجیوں اور انکے خاندانوں کی معاونت کے لئے کیے جانے والا کام سابق فوجیوں کی ایسی تنظیموں کے ذریعے پوری کمیونٹی کے لئے ہے جو انتہائی اہمیت کی حامل خدمات مہیا کرتی ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "آج دستیاب 5$ ملین یقینی بنائیں گے کہ ان اہم ترین ذرائع کے پاس وہ بنیادی ڈھانچہ موجود ہو جو ان افراد کی خدمت والے کاموں کو محفوظ اور مؤثر طریقے سے جاری رکھنے کے لئے انہیں چاہیے جنھوں نے ہماری جمہوریت اور آزادی کی حفاظت کی۔"

ویٹرنز نان پرافٹ کیپیٹل پروگرام کے ذریعے دی جانے والی فنڈنگ مندرجہ ذیل امور کے لئے محدود ہے: ڈیزائن، تعمیرات، دوبارہ تعمیر، کسی اہل سہولت کی بحالی یا توسیع، کسی اہل سہولت کے لئے فرنیچر یا آلات کی خریداری جبکہ ان فرنیچر یا آلات کی مفید زندگی 10 سال یا اس سے زائد ہو؛ اور بعض تعمیراتی سافٹ اخراجات بشمول آرکیٹیکچرل، انجینئرنگ اور ڈیزائن۔ اہل پراجیکٹس میں شامل ہیں تاہم صرف ان تک محدود نہیں: چھت کی تبدیلی، پارکنگ کی جگہ کی ہمواری، یا کسی عمارت کو ADA کے مطابق بنانا۔

ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے ویٹرنز سروسز کی ڈائریکٹر Viviana DeCohen نے کہا، "ہم پوری ریاست کی کمیونٹیز میں اپنے شرکاء کار کے مشکور ہیں جو ہماری سابق فوجیوں، سروس ممبران اور ان کے خاندانوں کی معاونت والے کاموں میں دن رات مصروف رہتے ہیں۔ یہ موقع ان تنظیموں کو ایک ایسے ماحول میں اپنی زندگیاں تبدیل کرنے والے اپنے کام جاری رکھنے کے لئے ایک اہم ترین مالیاتی لائف لائن فراہم کر رہا ہے جو ان افراد کے لئے جامع اور قابل رسائی ہے جن کی وہ خدمت کرتے ہیں۔

اس پروگرام کے مقاصد کے لئے سابق فوجیوں کی تنظیموں کی تعریف ریاست میں کاروبار کرنے والی کسی بھی ایس غیر منافع بخش تنظیم کے طور پر کی گئی ہے جن کے اراکین وہ افراد ہیں جو امریکہ کی مسلح افواج کے رکن تھے اور/یا اس تنظیم کا بنیادی مقصد ملک کی مسلح افواج کے اراکین کو فائدہ پہنچانا ہے۔

ڈویژن برائے ویٹرنز سروسز جمعرات، 12 جنوری 2023 کو ویبنار کا انعقاد کرکے پروگرام کی آؤٹ لائن اور درخواست دائر کرنے کے طریق کار کی وضاحت کرے گا۔ درخواست دہندگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ویبینار میں شرکت کریں اور/یا سابق فوجیوں کے غیر منافع بخش کیپٹل پروگرام کے بارے میں سوالات grants@veterans.ny.gov کو ارسال کریں۔ درخواست دہندگان مزید معلومات New York State Grants Gateway ویب سائٹ سے بھی حاصل کرسکتے ہیں، جنہیں فنڈنگ کی درخواست دینے کے لئے استعمال کرنا لازمی ہے۔ درخواستیں دائر کرنے کی آخری تاریخ اور وقت 31 مارچ، 2023 شام 4 بجے تک ہے۔

ڈویژن برائے ویٹرنز سروسز کے بارے میں
ریاست نیو یارک کا ڈویژن برائے ویٹرنز سروسز جو 1945 سے سابق فوجیوں، سروس ممبران، اور فوجی خاندانوں کے لئے ریاست کے خدمات انجام دے رہا ہے، اس کا پوری ایجنسی پر محیط عزم مصمم ہے کہ تمام سابق فوجیوں، سروس ممبران، اور فوجی خاندانوں کی خدمت وسیع تر عملی جگہوں پر کی جائے بشمول یونائیٹڈ سٹیٹس ڈپارٹمنٹ آف ویٹرنز افیئرز کی جانب سے دعوے اور اپیلیں، یونائیٹڈ سٹیٹس ڈپارٹمنٹ آف ڈیفنس کو دی جانے والی ڈسچارج اپ گریڈ اپیلیں، اور ریاست نیو یارک کی مراعات کے لئے دعوے۔ سابق فوجیوں، سروس ممبران، اور فوجی خاندانوں سے گزارش ہے کہ وہ ڈویژن سے 888-838-7697 پر یا انکی ویب سائٹ پر — بالمشافہ یا ورچوئل طریقے سے — کسی تسلیم شدہ ویٹرنز تامراعات مشیر کے ساتھ رابطہ کریں تاکہ ان کی ضروریات پوری کی جا سکیں اور ان مراعات کا مکمل تخمینہ لگایا جا سکے جن کے وہ حقدار ہیں۔ DVS کو Instagram، Facebook اور Twitter پر فالو کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418